حصہ اول	﴿ ہدایات: ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجیے۔ ☆

حصہ نظم

سوال نمبر2 درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) (10)=2x5

(الف) سُنی ہم نے طوطی و بلبل کی باتیں — ترا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے

(ب) ہے لازوال عہدِ خزاں اُس کے واسطے — کچھ واسطہ نہیں ہے اُسے برگ و بار سے

(ج) پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں — گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

(د) تو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو — جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گلا تیرا

حصہ غزل

(الف) ہستی اپنی حباب کی سی ہے — یہ نمائش سراب کی سی ہے

(ب) کہوں کیا ہوئی عمر کیونکر بسر — میں جاگا کیا، بخت سویا کیا

(ج) دن زندگی کے ختم ہوئے شام ہو گئی — پھیلا کے پاؤں سوئیں گے کُنجِ مزار میں

حصہ دوم

سوال نمبر3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (10) = 5+5

(الف) باہر سے دُور دُور کا آم بطور سوغات کے آتا تھا، مگر حضرت کا جی نہیں بھرتا تھا۔ نواب مصطفیٰ خاں مرحوم ناقل تھے کہ ایک صحبت میں مولانا فضل حق اور دیگر احباب موجود تھے اور آم کی نسبت ہر ایک شخص اپنی اپنی رائے بیان کر رہا تھا کہ اس میں کیا کیا خوبیاں ہونی چاہییں۔

(ب) لیکن میری مسلسل حاضری لا کلاس اور شبانہ روز کی محنت نے ان کے دلوں پر سکہ بٹھا رکھا تھا۔ وہ کب ماننے والے تھے پھر بھی احتیاطاً اپنے بچاؤ کے لئے اُن سے کہہ دیا کہ اگر میں فیل ہو جاؤں تو اس کی ذمہ داری مجھ پر نہ ہو گی۔

سوال نمبر4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10) = 2 x 5

(i) دلی قویٰ کو بے کار چھوڑ دینے کا کیا مطلب ہے؟

(ii) شریف زادے کی غزل سُن کر سودا نے کیا کہا؟

(iii) نصوح کے بیٹے سلیم نے چار لڑکوں کی کیا خوبیاں بیان کیں ؟

(iv) الگو چودھری کا فیصلہ سُن کر شیخ جمن کا ردعمل کیا تھا؟

(v) بیماری کے باوجود میاں دفتر جانے کے لئے کیوں تیار ہو جاتا ہے؟

(vi) محرم اور نامحرم میں کیا فرق ہے؟

(vii) " گلزار کے بھیگنے اور سبزے کے نہانے " سے کیا مراد ہے ؟

(viii) برہمن کو کس بات کی حسرت رہی؟

سوال نمبر5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) مرزا غالب کے عادات و خصائل (ii) لہو اور قالین (5)

سوال نمبر6 نصاب میں شامل " حمد " کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجئے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجئے۔ (5) = 1 + 4

سوال نمبر7 اپنے دوست کے نام خط لکھیے جس میں جہیز اور شادی کے موقع پر بے جا اسراف کی مذمت کی گئی ہو۔ (10)

یا

فوڈ کنٹرولر کے نام راشن ڈپو کی بدانتظامی کے خلاف درخواست لکھیے۔

سوال نمبر8 گاہک اور درزی کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ (5)

یا

" کوے کا انتقام " کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔

سوال نمبر9 درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (5)

(i) حمزہ نے دوبئی جانا ہے۔ (ii) میں نے فرحان دیکھا۔ (iii) ہمت کو نہ ہارو۔

(iv) چھ چاند لگ جانا۔ (v) شیخی اور پانچ کانے۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) گڑ سے جو مرے تو ------------------ (ii) جتنی چادر دیکھیے اتنے ------------------

(iii) پاک رہو ------------ (iv) صورت نہ شکل ------------ (v) بات کٹائی میں ------------

☆☆☆☆☆

08-02-2023

www.ilmkidunya.com